© rasailojaraid.com

ISLAM FOR CHILDREN

A GREAT FRIEND OF CHILDREN

ASSALAM U ALAIKUM

LOVE ALL CREATURES

MUSLIM NURSERY RHYMES

لندن کے ادارے اسلامک فاؤنڈیشن نے یہ کتابیں خاص طور پر بچوں کے لیے شائع کی ہیں۔ جن کا اولین مقصد تو یہ ہے کہ مغربی معاشروں میں پرورش پانے والے مسلم خاندانوں کے بچوں کو ملحدانہ یا نصرانی لٹریچر کی گرفت سے نکال کر ان کی ذہنی نشوونما کے لیے اسلامی لٹریچر فراہم کیا جائے۔ چھوٹے بچوں کی نفسیات کے مطابق قصے کہانیوں کا مؤثر پیرایہ، گیتوں میں ڈھلے ہوتے جذبات اور تصویری دلچسپیاں ضروری ہیں۔ زیر گفتگو کتابوں میں ان چیزوں کا لحاظ رکھ کر ایک امید افزا تجربہ کیا گیا ہے۔ ٹائیٹل، طباعت، کاغذ اور گیٹ اپ اعلیٰ ہے۔ یہ لٹریچر خود ہمارے مشرقی ملکوں کے ان بچوں کے لیے بھی بہت مفید ہے جو یا تو انگریزی پرست خاندانوں کے نرغے میں ہیں یا جنہیں تعلیمی ضرورت سے انگریزی سیکھنی پڑتی ہے۔ تصاویر کے سلسلے میں میری رائے یہ ہے کہ بچوں کے لیے تعلیمی معلوماتی یا مطالعہ کو پُرکشش بنانے کے لیے ایک خاص عمر تک مصور لٹریچر دینے میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن تصویریں دی جائیں تو یا تو نیچرل ہوں یا اُن میں فنکارانہ بھونڈا پن پیدا کیا جائے۔ کسی حد تک کارٹونی انداز بھی مفید ہے۔ مگر بلا وجہ تصاویر کو مسخ کرنا یا ادھوری شکل دینا اچھا تاثر نہیں دیتا۔ بچہ جب کسی لٹریچر کو "اسلامی" بھی کہا جاتے تو اس کے ساتھ ایسی تصاویر نہ ہوں جن کو اسلامی کہہ کر مذاق اڑایا جائے۔ براہ راست طریق سے مذہبی اور دینی معلومات دینا بھی ضروری ہے۔ مگر یہی تصنیفی تکنیک نکالنی چاہیے کہ عام طریق سے کہانیاں لکھی جائیں، ان میں کہانی پن زیادہ ہو اور دینی قدریں واقعات اور گفتگوؤں میں اس طرح حل کر دی جائیں کہ بوجھ محسوس کیے بغیر بچے اپنے شوق سے انہیں پڑھیں۔ کوئی ذہین آدمی پرانے اور موجودہ اردو لٹریچر میں سے کہانیوں، لطیفوں اور نظموں کا ایسا انتخاب کرے جس میں سے انگریزی تراجم تیار کر لیے جائیں۔ فی الوقت جو کام سامنے آیا ہے وہ بہت امید افزا ہے۔

---

حد رجم کی شرعی حیثیت از حافظ صلاح الدین یوسف ایڈیٹر الاعتصام لاہور۔ دار الدعوۃ السلفیہ شیش محل روڈ لاہور۔ خوبصورت طباعت۔ قیمت ۵۰ ۔ ۷ روپے۔

© rasailojaraid.com